The Absolute Reality

www.quran4u.com

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ

بیشک یہ (کتاب) نصیحت ہم ہی نے اتاری ہے اور ہم ہی اسکے نگہبان ہیں۔

# Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari

(فتح محمد جالندہری)

## سورة الحجر

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

| |
|---|
| الر |
| الف لام را |
| تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ وَقُرْآنٍ مُبِينٍ (1) |
| یہ (خدا کی) کتاب اور قرآن روشن کی آیتیں ہیں۔ |
| رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ كَانُوا مُسْلِمِينَ (2) |
| کسی وقت کافر لوگ آرزو کریں گے کہ اے کاش وہ مسلمان ہوتے۔ |

ذَرْهُمْ يَأْكُلُوا وَيَتَمَتَّعُوا وَيُلْهِهِمُ الْأَمَلُ ۖ

(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ان کو انکے حال پر رہنے دو کہ کھالیں اور فائدے اٹھالیں اور (طول عمل) ان کو (دنیا میں) مشغول کیئے رہے۔

فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (3)

عنقریب ان کو اسکا (انجام) معلوم ہو جائے گا۔

وَمَا أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ إِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَعْلُومٌ (4)

اور ہم نے کوئی بستی ہلاک نہیں کی مگر اس کا وقت (مرقوم و) معین تھا۔

مَا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ (5)

کوئی جماعت اپنی مدت (وفات) سے نہ آگے نکل سکتی ہے نہ پیچھے رہ سکتی ہے۔

وَقَالُوا يَا أَيُّهَا الَّذِي نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُونٌ (6)

اور (کفار) کہتے ہیں کہ اے شخص جس پر نصیحت (کی کتاب) نازل ہوئی ہے تو تو دیوانہ ہے۔

لَوْ مَا تَأْتِينَا بِالْمَلَائِكَةِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ (7)

اگر تو سچا ہے تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لے آتا؟

مَا نُنَزِّلُ الْمَلَائِكَةَ إِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوا إِذًا مُنْظَرِينَ (8)

(کہہ دو) ہم فرشتوں کو نازل نہیں کیا کرتے مگر حق کیساتھ اور اس وقت ان کو مہلت نہیں ملتی۔

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ (9)

بیشک یہ (کتاب) نصیحت ہم ہی نے اتاری ہے اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں۔

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِي شِيَعِ الْأَوَّلِينَ (10)

اور ہم نے تم سے پہلے لوگوں میں بھی پیغمبر بھیجے تھے۔

وَمَا يَأْتِيهِمْ مِنْ رَسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (11)

ان کے پاس کوئی پیغمبر نہیں آتا تھا مگر وہ اس کے ساتھ استہزا کرتے تھے۔

كَذَٰلِكَ نَسْلُكُهُ فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ (12)

اسی طرح ہم اس (تکذیب وضلال) کو گنہگاروں کے دلوں میں داخل کر دیتے ہیں۔

لَا يُؤْمِنُونَ بِهِ ۖ

سو وہ اس پر ایمان نہیں لاتے

وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ (13)

اور پہلوں کی روش بھی یہی رہی ہے۔

وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِنَ السَّمَاءِ فَظَلُّوا فِيهِ يَعْرُجُونَ (14)

اور اگر ہم آسمان کا کوئی دروازہ ان پر کھول دیں اور اس میں چڑھنے بھی لگیں

لَقَالُوا إِنَّمَا سُكِّرَتْ أَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَسْحُورُونَ (15)

تو بھی یہی کہیں کہ ہماری آنکھیں مخمور ہو گئی ہیں بلکہ ہم پر جادو کر دیا گیا ہے۔

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا وَزَيَّنَّاهَا لِلنَّاظِرِينَ (16)

اور ہم ہی نے آسمان میں برج بنائے اور دیکھنے والوں کیلئے اس کو سجا دیا۔

وَحَفِظْنَاهَا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ (17)

اور ہر شیطان راندہ درگار سے اسے محفوظ کر دیا۔

إِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ مُبِينٌ (18)

ہاں اگر کوئی چوری سے سننا چاہے تو چمکتا ہوا انگارہ اسکے پیچھے لپکتا ہے۔

وَالْأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ

اور زمین کو بھی ہم ہی نے پھیلایا اور اس پر پہاڑ (بنا کر) رکھ دیئے

وَأَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَوْزُونٍ (19)

اور اس میں ہر ایک سنجیدہ چیز اگائی۔

وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَسْتُمْ لَهُ بِرَازِقِينَ (20)

اور ہم ہی نے تمہارے لئے اور ان لوگوں کے لئے جن کو
تم روزی نہیں دیتے اس میں معاش کے سامان پیدا کئے۔

وَإِنْ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا عِنْدَنَا خَزَائِنُهُ

اور ہمارے ہاں ہر چیز کے خزانے ہیں

وَمَا نُنَزِّلُهُ إِلَّا بِقَدَرٍ مَعْلُومٍ (21)

اور ہم ان کو بمقدار مناسب اتارتے رہتے ہیں

وَأَرْسَلْنَا الرِّيَاحَ لَوَاقِحَ

اور ہم ہی ہوائیں چلاتے ہیں (جو بادلوں کے پانی سے) بھری ہوئی (ہوتی ہیں)

فَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَسْقَيْنَاكُمُوهُ

اور ہم ہی آسمان سے مینہ برساتے ہیں اور ہم ہی تم کا اسکا پانی پلاتے ہیں

وَمَا أَنْتُمْ لَهُ بِخَازِنِينَ (22)

اور تم تو اس کا خزانہ نہیں رکھتے۔

وَإِنَّا لَنَحْنُ نُحْيِي وَنُمِيتُ

اور ہم ہی حیات بخشتے اور ہم ہی موت دیتے ہیں۔

وَنَحْنُ الْوَارِثُونَ (23)

اور ہم ہی سب کے وارث (مالک) ہیں۔

وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِينَ مِنْكُمْ

اور جو لوگ تم میں پہلے گزر چکے ہیں ہم کو معلوم ہیں۔

وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَأْخِرِينَ (24)

اور جو پیچھے آنے والے ہیں وہ بھی ہم کو معلوم ہیں۔

وَإِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ج

اور تمہارا پروردگار (قیامت کے دن) ان سب کو جمع کرے گا

إِنَّهُ حَكِيمٌ عَلِيمٌ (25)

وہ بڑا دانا (اور) خبر دار ہے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِنْ حَمَإٍ مَسْنُونٍ (26)

اور ہم نے انسان کو کھنکھناتے سڑے ہوئے گارے سے پیدا کیا ہے۔

وَالْجَانَّ خَلَقْنَاهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَارِ السَّمُومِ (27)

اور جنوں کو اس سے بھی پہلے بے دھوئیں کی آگ سے پیدا کیا تھا۔

وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ

اور جب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے فرمایا کہ

إِنِّي خَالِقٌ بَشَرًا مِنْ صَلْصَالٍ مِنْ حَمَإٍ مَسْنُونٍ (28)

میں کھنکھناتے سڑے ہوئے گارے سے ایک بشر بنانے والا ہوں۔

فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِن رُّوحِي فَقَعُوا لَهُ سَاجِدِينَ (29)

جب اس کو (صورت انسانیہ میں) درست کرلوں اور اس میں اپنی
(بے بہا چیز یعنی) روح پھونک دوں تو اس کے آگے سجدے میں گر پڑنا۔

فَسَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ (30)

تو فرشتے تو سب کے سب سجدے میں گر پڑے

إِلَّا إِبْلِيسَ أَبَىٰ أَن يَكُونَ مَعَ السَّاجِدِينَ (31)

مگر شیطان کہ اس نے سجدہ کرنے والوں کے ساتھ ہونے سے انکار کر دیا۔

قَالَ يَا إِبْلِيسُ مَا لَكَ أَلَّا تَكُونَ مَعَ السَّاجِدِينَ (32)

(خدا نے) فرمایا کہ ابلیس! تجھے کیا ہوا کہ تو سجدہ کرنے والوں میں شامل نہ ہوا؟

قَالَ لَمْ أَكُن لِّأَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهُ مِن صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ (33)

(اس نے) کہا میں ایسا نہیں ہوں کہ انسان کو جسکو تو نے کھنکھناتے سڑے ہوئے گارے سے بنایا ہے سجدہ کروں

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ (34)

(خدا نے) فرمایا یہاں سے نکل جا تو مردود ہے۔

وَإِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ إِلَىٰ يَوْمِ الدِّينِ (35)

اور تجھ پر قیامت کے دن تک لعنت (برسے گی)

قَالَ رَبِّ فَأَنظِرْنِي إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ (36)

(اس نے) کہا کہ پروردگار مجھے اس دن تک مہلت دے جب لوگ (مرنے کے بعد) زندہ کئے جائیں گے۔

قَالَ فَإِنَّكَ مِنَ الْمُنظَرِينَ (37)

فرمایا کہ تجھے مہلت دی جاتی ہے

إِلَىٰ يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُومِ (38)

وقت مقرر (یعنی قیامت) کے دن تک۔

قَالَ رَبِّ بِمَا أَغْوَيْتَنِي لَأُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْأَرْضِ وَلَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ (39)

(اس نے) کہا پروردگار جیسا تو نے مجھے راستے سے الگ کیا ہے میں بھی زمین

میں لوگوں کے لئے (گناہوں کو) آراستہ کر دکھاؤں گا اور سب کو بہکاؤں گا۔

إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ (40)

ہاں ان میں جو تیرے مخلص بندے ہیں (ان پر قابو چلنا مشکل ہے)

قَالَ هَٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيمٌ (41)

(خدا نے) فرمایا کہ مجھ تک (پہنچنے کا) یہی سیدھا راستہ ہے۔

إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ إِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغَاوِينَ (42)

جو میرے (مخلص) بندے ہیں ان پر تجھے کچھ قدرت نہیں (کہ ان کو

گناہ میں ڈال سکے) ہاں بد راہوں میں سے جو تیرے پیچھے چل پڑے۔

وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ أَجْمَعِينَ (43)

اور ان سب کے وعدے کی جگہ جہنم ہے۔

لَهَا سَبْعَةُ أَبْوَابٍ

اس کے سات دروازے ہیں۔

لِكُلِّ بَابٍ مِنْهُمْ جُزْءٌ مَقْسُومٌ (44)

ہر ایک دروازے کیلئے ان میں سے جماعتیں تقسیم کر دی گئی ہیں۔

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ (45)

جو متقی ہیں وہ باغوں اور چشموں میں ہوں گے۔

ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ آمِنِينَ (46)

(ان سے کہا جائے گا کہ) ان میں سلامتی (اور خاطر جمع) سے داخل ہو جاؤ۔

وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ

اور ان کے دلوں میں جو کدورت ہوگی اس کو ہم نکال (کر صاف کر) دیں گے

إِخْوَانًا عَلَىٰ سُرُرٍ مُتَقَابِلِينَ (47)

(گویا) بھائی بھائی تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے بیٹھے ہیں۔

لَا يَمَسُّهُمْ فِيهَا نَصَبٌ وَمَا هُمْ مِنْهَا بِمُخْرَجِينَ (48)

نہ ان کو وہاں کوئی تکلیف پہنچے گی اور نہ وہ وہاں سے نکالے جائیں گے

نَبِّئْ عِبَادِي أَنِّي أَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ (49)

(اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) میرے بندوں کو بتادو کہ میں بڑا بخشنے والا (اور) مہربان ہوں۔

وَأَنَّ عَذَابِي هُوَ الْعَذَابُ الْأَلِيمُ (50)

اور یہ کہ میرا عذاب بھی درد دینے والا عذاب ہے۔

وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ (51)

اور ان کو ابراہیم کے مہمانوں کا احوال سنادو۔

إِذْ دَخَلُوا عَلَيْهِ فَقَالُوا سَلَامًا

جب وہ ابراہیم کے پاس آئے تو سلام کہا

قَالَ إِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُونَ (52)

(انہوں نے) کہا ہمیں تو تم سے ڈر لگتا ہے۔

قَالُوا لَا تَوْجَلْ إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ عَلِيمٍ (53)

(مہمانوں نے کہا) کہ ڈریئے نہیں ہم آپ کو ایک دانشمند لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں۔

قَالَ أَبَشَّرْتُمُونِي عَلَى أَنْ مَسَّنِيَ الْكِبَرُ

(وہ) بولے کہ جب مجھے بڑھاپے نے آپکڑا تو تم خوشخبری دینے لگے۔

فَبِمَ تُبَشِّرُونَ (54)

اب کاہے کی خوشخبری دیتے ہو؟

قَالُوا بَشَّرْنَاكَ بِالْحَقِّ

(انہوں نے) کہا کہ ہم آپ کو سچی خوشخبری دیتے ہیں

فَلَا تَكُنْ مِنَ الْقَانِطِينَ (55)

آپ مایوس نہ ہوجیۓ۔

قَالَ وَمَنْ يَقْنَطُ مِنْ رَحْمَةِ رَبِّهِ

(ابراہیم نے) کہا کہ خدا کی رحمت سے میں مایوس کیوں ہونے لگا؟

إِلَّا الضَّالُّونَ (56)

اس سے مایوس ہونا گمراہوں کا کام ہے۔

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا الْمُرْسَلُونَ (57)

پھر کہنے لگے کہ فرشتو تمہیں (اور) کیا کام ہے؟

قَالُوا إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَى قَوْمٍ مُجْرِمِينَ (58)

(انہوں نے) کہا کہ ہم ایک گنہگار قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں (کہ اس کو عذاب کریں)

إِلَّا آلَ لُوطٍ إِنَّا لَمُنَجُّوهُمْ أَجْمَعِينَ (59)

مگر لوط کے گھر والے کہ ان سب کو ہم بچالیں گے۔

إِلَّا امْرَأَتَهُ قَدَّرْنَا ۙ إِنَّهَا لَمِنَ الْغَابِرِينَ (60)

البتہ ان کی عورت (کہ) اسکے لئے ہم نے ٹھیرادیا ہے کہ وہ پیچھے رہ جائے گی۔

فَلَمَّا جَاءَ آلَ لُوطٍ الْمُرْسَلُونَ (61)

پھر جب فرشتے لوط کے گھر گئے

قَالَ إِنَّكُمْ قَوْمٌ مُنْكَرُونَ (62)

تو (لوط نے) کہا تم تو ناآشنا لوگ ہو۔

قَالُوا بَلْ جِئْنَاكَ بِمَا كَانُوا فِيهِ يَمْتَرُونَ (63)

وہ بولے کہ (نہیں) بلکہ ہم آپ کے پاس وہ چیز لے کر آئے ہیں جس میں لوگ شک کرتے تھے۔

وَأَتَيْنَاكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ (64)

اور ہم آپ کے پاس یقینی بات لے کر آئے ہیں اور ہم سچ کہتے ہیں۔

فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِنَ اللَّيْلِ وَاتَّبِعْ أَدْبَارَهُمْ

تو آپ کچھ رات رہے سے اپنے گھر والوں کو لے نکلیں اور خود ان کے پیچھے چلیں

وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ أَحَدٌ

اور آپ میں سے کوئی شخص پیچھے مڑ کر نہ دیکھے

وَامْضُوا حَيْثُ تُؤْمَرُونَ (65)

اور جہاں آپ کو حکم ہو وہاں چلے جایئے۔

وَقَضَيْنَا إِلَيْهِ ذَلِكَ الْأَمْرَ أَنَّ دَابِرَ هَؤُلَاءِ مَقْطُوعٌ مُصْبِحِينَ (66)

اور ہم نے لوط کی طرف وحی بھیجی کہ ان لوگوں کی جڑ صبح ہوتے ہوتے کاٹ دی جائے گی۔

وَجَاءَ أَهْلُ الْمَدِينَةِ يَسْتَبْشِرُونَ (67)

اور اہل شہر (لوط کے پاس) خوش خوش (دوڑے) آئے۔

قَالَ إِنَّ هَؤُلَاءِ ضَيْفِي فَلَا تَفْضَحُونِ (68)

(لوط نے) کہا کہ یہ میرے مہمان ہیں (کہیں ان کے بارے میں) مجھے رسوا نہ کرنا۔

وَاتَّقُوا اللَّهَ وَلَا تُخْزُونِ (69)

اور خدا سے ڈرو اور میری بے آبروئی نہ کیجیو۔

قَالُوا أَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعَالَمِينَ (70)

وہ بولے کیا ہم نے تم کو سارے جہان (کی حمایت وطرفداری) سے منع نہیں کیا؟

قَالَ هَؤُلَاءِ بَنَاتِي إِنْ كُنْتُمْ فَاعِلِينَ (71)

(انہوں نے) کہا کہ اگر تمہیں کرنا ہی ہے تو یہ میری (قوم کی) لڑکیاں ہیں (ان سے شادی کرلو)

لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِي سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُونَ (72)

(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) تمہاری جان کی قسم وہ اپنی مستی میں مدہوش (ہو رہے) تھے۔

فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِينَ (73)

سو ان کو سورج نکلتے نکلتے چنگھاڑ نے آپکڑا۔

فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا

اور ہم نے اس (شہر) کو (الٹ کر) نیچے اوپر کر دیا

وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِنْ سِجِّيلٍ (74)

اور ان پر کھنگر کی پتھریاں برسائیں۔

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِلْمُتَوَسِّمِينَ (75)

بیشک اس (قصے) میں اہل فراست کے لئے نشانی ہے۔

وَإِنَّهَا لَبِسَبِيلٍ مُقِيمٍ (76)

اور وہ شہر اب تک سیدھے راستے پر (موجود) ہے۔

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِلْمُؤْمِنِينَ (77)

بے شک اس میں ایمان لانے والوں کے لئے نشانی ہے۔

وَإِنْ كَانَ أَصْحَابُ الْأَيْكَةِ لَظَالِمِينَ (78)

اور بن کے رہنے والے (یعنی قوم شعیب کے لوگ) بھی گنہگار تھے۔

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَإِنَّهُمَا لَبِإِمَامٍ مُبِينٍ (79)

تو ہم نے ان سے بھی بدلا لیا اور یہ دونوں شہر کھلے راستے پر (موجود) ہیں۔

وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحَابُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِينَ (80)

اور (وادی) حجر کے رہنے والوں نے بھی پیغمبروں کی تکذیب کی۔

وَآتَيْنَاهُمْ آيَاتِنَا فَكَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ (81)

ہم نے ان کو اپنی نشانیاں دیں اور وہ ان سے منہ پھیرتے رہے۔

وَكَانُوا يَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا آمِنِينَ (82)

اور وہ پہاڑوں کو تراش تراش کر گھر بناتے تھے (کہ) امن (واطمینان) سے رہیں گے

فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِينَ (83)

تو چیخ نے ان کو صبح ہوتے ہوتے آ پکڑا۔

فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ (84)

اور جو کام وہ کرتے تھے وہ ان کے کچھ بھی کام نہ آئے۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ ۗ

اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو (مخلوقات) ان میں ہیں اس کو تدبیر کے ساتھ پیدا کیا ہے۔

وَإِنَّ السَّاعَةَ لَآتِيَةٌ ۖ

اور قیامت تو ضرور آکر رہے گی

فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيلَ (85)

تو تم (ان لوگوں سے) اچھی طرح سے درگزر کرو۔

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ (86)

کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار ہی (سب کچھ) پیدا کرنے والا (اور) جاننے والا ہے۔

وَلَقَدْ آتَيْنَاكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِي وَالْقُرْآنَ الْعَظِيمَ (87)

اور ہم نے تم کو سات (آیتیں) جو (نماز میں) دہرا کر پڑھی
جاتی ہیں (یعنی سورہ الحمد) اور عظمت والا قرآن عطا فرمایا ہے۔

لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ

اور ہم نے کفار کی کئی جماعتوں کو جو (فوائد دنیاوی سے) متمتع
کیا ہے تم ان کی طرف (رغبت سے) آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا

وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ

اور نہ ان کے حال پر تاسف کرنا

وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِينَ (88)

اور مومنوں سے خاطر اور تواضع سے پیش آنا۔

وَقُلْ إِنِّي أَنَا النَّذِيرُ الْمُبِينُ (89)

اور کہہ دو کہ میں تو علانیہ ڈر سنانے والا ہوں۔

كَمَا أَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِينَ (90)

(اور ہم ان کفار پر اسی طرح عذاب نازل کریں گے)

جس طرح ان لوگوں پر نازل کیا جنہوں نے تقسیم کر دیا۔

الَّذِينَ جَعَلُوا الْقُرْآنَ عِضِينَ (91)

یعنی قرآن کو (کچھ ماننے اور کچھ نہ ماننے سے) ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔

فَوَرَبِّكَ لَنَسْأَلَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ (92)

تمہارے پروردگار کی قسم ہم ان سے ضرور پرسش کریں گے۔

عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ (93)

ان کاموں کی جو وہ کرتے رہے۔

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ (94)

پس جو حکم تم کو (خدا کی طرف سے) ملا ہے وہ (لوگوں کو) سنا دو اور مشرکوں کا (ذرا) خیال نہ کرو۔

إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ (95)

ہم تمہیں ان لوگوں (کے شر) سے بچانے کے لئے جو تم سے استہزا کرتے ہیں کافی ہیں۔

الَّذِينَ يَجْعَلُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَهًا آخَرَ ۚ

جو خدا کے ساتھ اور معبود قرار دیتے ہیں

فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (96)

سو عنقریب ان کو (ان باتوں کا انجام) معلوم ہو جائے گا۔

وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّكَ يَضِيقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُولُونَ (97)

اور ہم جانتے ہیں کہ ان باتوں سے تمہارا دل تنگ ہوتا ہے۔

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

تو تم اپنے پروردگار کی تسبیح کہتے اور (اس کی) خوبیاں بیان کرتے رہو

وَكُنْ مِنَ السَّاجِدِينَ (98)

اور سجدہ کرنے والوں میں داخل رہو۔

وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتَّى يَأْتِيَكَ الْيَقِينُ (99)

اور اپنے پروردگار کی عبادت کئے جاؤ یہاں تک کہ تمہاری موت (کا وقت) آجائے۔

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**